(۳)

نام کتاب : شرح مقدمہ صحیح مسلم' جلد اول ۔ شرح مقدمہ صحیح مسلم' جلد دوم

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت جلداوّل : ۵۷۴ صفحات ۔ جلد دوم: ۵۲۸ صفحات' قیمت: درج نہیں

ملنے کے پتے : ☆ سردار پلازہ' اکوڑہ خٹک' ضلع نوشہرہ ☆ مکتبہ سید احمد شہید' اردو بازار لاہور

☆ مکتبہ عمر فاروق' شاہ فیصل کالونی' کراچی

صحیح مسلم حدیث کی چھ مستند ترین کتابوں میں بخاری شریف کے بعد شمار ہوتی ہے۔ یہ دینی مدارس کے نصاب کی اہم کتاب ہے۔ زیر تبصرہ کتاب کے مصنف مولانا عبدالقیوم حقانی سالہا سال سے حدیث پڑھا رہے ہیں۔ وہ قابلِ استاذ' فاضل اجل' صاحبِ طرز ادیب اور کئی وقیع کتابوں کے مصنف ہیں۔ علمی حلقے میں وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ان کی کئی کتابیں مدارس اسلامیہ میں قبولیت حاصل کر چکی ہیں' مثلاً شرح شمائل ترمذی' توضیح السنن شرح آثار السنن۔ شرح مقدمہ صحیح مسلم جلد اول کے ابتدا میں حدیث سے متعلقہ اہم مباحث ہیں جن میں حجیت حدیث' حدیث کی کتابت اور تدوین' صحاحِ ستہ کے مؤلفین کا مختصر ذکر اور دیگر متعلقہ موضوعات شامل ہیں۔ صحیح مسلم کے مؤلف ابوالحسن مسلم بن حجاج کے اخلاق و عادات' اوصاف و کمالات کے ساتھ ساتھ ان کا حدیث کے ساتھ شغف بھی بیان کیا گیا ہے۔ صحیح مسلم کا مختصر مگر جامع تعارف بھی درج کیا گیا ہے۔ اگرچہ صحیح بخاری کو حدیث کی باقی کتابوں پر تفوق حاصل ہے تاہم کئی اعتبارات سے جزوی طور پر صحیح مسلم کو صحیح بخاری پر فوقیت حاصل ہے۔

اہم تمہیدی مباحث کے بعد مقدمے میں شامل احادیث کی اس طرح شرح کی گئی ہے کہ ہر لفظ کا مفہوم و مطلب واضح ہو جائے۔ چونکہ حقانی صاحب عمر بھر مدرس رہے ہیں اس لیے ان کے انداز تفہیم میں مہارت بھی ہے اور دلچسپی بھی۔ نبی اور رسول' الحمد اور شکر' حدیث' خبر اور شہادت' بشیر اور بشیر جیسے الفاظ کے معانی اور مفاہیم کا بھی فرق واضح کر دیا ہے۔ یہ کتاب نہ صرف دینی مدارس کے اعلیٰ درجات کے طلبہ کے لیے انتہائی مفید ہے' بلکہ حدیث کے مدرسین بھی اس کے مطالعے سے اپنے سبق کو مفید تر بنا سکتے ہیں۔

مقدمے میں شامل احادیث کی تشریح تو حصہ اول میں کر دی گئی ہے تاہم مزید پختگی کے لیے جلد دوم کفایت کرے گی۔ جلد دوم کے آغاز میں جرح و تعدیل پر ہمہ پہلو بحث کی گئی ہے۔ فن اسماء الرجال کی انفرادیت بیان کرتے ہوئے راویانِ حدیث کے کردار و عمل' یادداشت' قوتِ حافظہ' دیانت اور سختی کے ساتھ جانچنے کے اصول و قواعد بتائے گئے ہیں۔ علم جرح و تعدیل پر مشتمل کتابوں کی فہرست بھی دی گئی ہے۔ مقدمہ صحیح مسلم کے ۲۹۷ راویوں کے حالات اور ان کے فضل و کمال کا ذکر ہے۔

(تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)